The Leading Urdu Daily News Paper of Jharkhand

روزنامہ الحیات
رونامہ الحیات
No.1
غیر جانب دار
URDU DAILY ROZNAMA AL HAYAT RANCHI

E-Paper
www.alhayatindia.com
E-mail- alhayatrnc@gmail.com
RNI No- JHAURD/2011/40876
Facebook- Roznama Al hayat
Postal Regd- RN/250/2020-22
0651-2225739
9006814444/ 8409804444

Ranchi: Vol. No. 12 Issue No.26 Date : 26-01-2022 Wednesday, Morning Edition ₹ 1/- قیمت 22/جمادی الآخر 1443ھ بدھ 26/جنوری 2022 رانچی جلد 12 شمارہ: 26

جشن یوم جمہوریہ مبارک

تمام قارئین کرام مشہرین حضرات اور بہی خواہان کو 73 ویں یوم جمہوریہ کی دلی مبارکباد اور نیک خواہشات۔

اعلان تعطیل

یوم جمہوریہ کے جشن کے موقع پر 26/جنوری 2022 کو دفتر روزنامہ الحیات میں تعطیل رہے گی۔ لہذا اخبار کا آئندہ شمارہ 28/جنوری بروز جمعہ کو منظر عام پر آئے گا۔

(ادارہ)

ہندوستانی معیشت وبائی امراض کے بعد رفتار پکڑ رہی ہے: کووند

نئی دہلی، 25 جنوری (یو این آئی) صدر رام ناتھ کووند نے منگل کو کہا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتوں کی کوششوں اور پالیسی اقدامات کی وجہ سے ہندوستانی معیشت کووڈ-19 کی وبا کے جھٹکے سے ابھرتے ہوئے رفتار پکڑ چکی ہے اور ہندوستانی معیشت کی موجودہ مالی سال میں شرح نمو مثبت رہے گی وہیں مرکزی حکومت تمام شعبوں میں مسلسل بہتری لانے اور ضرورت کے مطابق امداد فراہم کرنے کے لیے سرگرم ہے۔ 73 ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر ٹیلی ویژن اور ریڈیو پر قوم سے اپنے خطاب میں مسٹر کووند نے عوام سے اپیل کی کہ وہ کووڈ-19 انفیکشن سے نپٹنے کے لیے پوری احتیاط برتیں، یہ کہتے ہوئے کہ یہ بحران ابھی ختم نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے کووڈ-19 کی ویکسین تیار کرنے سے لے کر اس عالمی وبائی مرض سے نمٹنے میں ہندوستان کی کوششوں کی تعریف کی۔ صدر نے کہا کہ "خطرناک وبا کے بحران کی اس گھڑی میں ہم نے دیکھا ہے کہ ہم تمام ہم وطن کس طرح ایک خاندان کی طرح جڑے ہوئے ہیں۔ ڈاکٹروں، نرسوں اور طبی عملے نے مشکل حالات میں طویل گھنٹوں تک کام کر کے، بیماں تک کہ مریضوں کی دیکھ بھال کے لیے اپنی جانیں خطرے میں ڈال کر انسانیت کی خدمت کی ہے۔ بہت سے لوگوں نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ ضروری سہولیات

پرکشش وعدوں پر سپریم کورٹ کا مرکز اور الیکشن کمیشن کو نوٹس

نئی دہلی، 25 جنوری (یو این آئی) سپریم کورٹ نے سیاسی جماعتوں کے انتخابات کے دوران مبینہ طور پر ناقابل عمل وعدے کرنے کے معاملے میں مرکزی حکومت اور الیکشن کمیشن کمشنل کے روز نوٹس جاری کر کے جواب طلب کیا۔ چیف جسٹس این۔ وی رمن کی سربراہی والی بنچ نے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے رہنما اور وکیل اشونی کمار اپادھیائے کی ایک مفاد عامہ کی عرضی پر سماعت کرتے ہوئے نوٹس جاری کیا۔ چیف جسٹس نے درخواست گزار کے وکیل وکاس سنگھ سے پوچھا کہ درخواست میں صرف دو سیاسی جماعتوں کا ہی کیوں ذکر کیا گیا ہے۔ چیف جسٹس نے صرف پنجاب کا ذکر کرنے پر بھی سوالات کئے۔ مسٹر سنگھ نے بنچ کو بتایا کہ انتخابات کے وقت تمام سیاسی جماعتوں کی جانب سے پرکشش وعدے کئے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا تھا کہ ناقابل عمل وعدوں کا بوجھ آخر کار عوام کو ہی اٹھانا پڑتا ہے۔ انہوں نے اس عرضی کو اہم بتاتے ہوئے مرکز اور الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کرنے اور جلد سماعت کرنے کی گزارش کی جسے سپریم کورٹ نے قبول کر لیا۔

سی بی آئی کے 26 افسروں، اہلکاروں کو یوم جمہوریہ ایوارڈ

نئی دہلی، 25 جنوری (یو این آئی) صدر جمہوریہ نے یوم جمہوریہ 2022 کے موقع پر مرکزی تفتیشی ایجنسی (سی بی آئی) کے کل 29 افسران اور اہلکاروں کو پریزیڈنٹ پولیس میڈل اور پولیس میڈل پیش عطا کئے۔ سی بی آئی کی ایک ریلیز کے مطابق چھ افسران/ اہلکاروں کو ممتاز خدمات کے لیے پریزیڈنٹ پولیس میڈل اور 23 دیگر افسران/ اہلکاروں کو قابل ستائش خدمات کے لیے پولیس میڈل سے نوازا گیا ہے۔

آر پی این سنگھ نے چھوڑا کانگریس کا ساتھ، بی جے پی میں شامل

نئی دہلی، 25 جنوری (یو این آئی) سابق مرکزی وزیر اور کانگریس کے سینئر لیڈر آر پی این سنگھ آج کانگریس کا ساتھ چھوڑ کر بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کا دامن تھام لیا۔



PR-262473(IPRD)2021-22 सूचना एवं जनसंपर्क विभाग, झारखण्ड सरकार

یوم جمہوریہ تحفظ جمہوریت کا پیغام دیتا ہے!

از قلم: مجاہد عالم ندوی
استاذ: ناصر انٹرنیشنل اسکول محمد پور شاہ گنج، پٹنہ
رابطہ: 9508349041

یوم جمہوریہ ملک ہندوستان کی ایک قومی تعطیل ہے، جسے ملک بھر میں بڑے دھوم دھام، شان وشوکت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جاتا ہے، کیونکہ آج کا دن وہ دن ہے، جب کہ ہمارا ملک ایک جمہوری ملک بنا، جمہوریت کا معنی ہوتا ہے، ایسی حکومت جو عوام کے لیے ہو، عوام کے ذریعے ہو، اور عوام کے لیے ہو، اور سب سے اہم بات یہ کہ ہمارے ملک کا قانون ہمارے ملک کا آئین بھی آج ہی کے دن نافذ ہوا تھا۔

کیونکہ ہمارے ملک کو آزاد کرانے کے لیے خصوصاً علماء کرام اور عموماً تمام مذاہب کے لوگوں نے ملک کی آزادی کی لڑائی لڑیں، اور پندرہ اگست 1947 عیسوی کو ہمارا ملک آزاد ہوا۔

لہذا! ملک کو بہتر طریقے سے چلانے کے لیے ایک دستور، ایک آئین ضروری تھا، کیونکہ یہاں پر مختلف مذاہب کے ماننے والے اور مختلف قبیلے وخاندان سے تعلق رکھنے والے، اور مختلف ذات کے جاننے والے اور ماننے والے لوگ رہتے ہیں۔

اس لیے ہمارے علماء کرام کی رہنمائی وقیادت اور ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کی صدارت میں دو سال گیارہ مہینے اٹھارہ دن میں ہمارے ملک کا آئین تیار کروایا گیا، اور 26 جنوری 1950 عیسوی کو اسے نافذ کر دیا گیا۔

ہمارے آئین میں انسانی حقوق کے تحفظ کی مختلف دفعات کے باوجود بڑے پیمانے پہ وطن عزیز میں انسان کے بنیادی حقوق کی پامالی ہو رہی ہے، کہیں بولنے پہ پابندی ہے، کہیں کھانے اور لباس پر پابندی ہے، کبھی یکساں سول کوڈ کے نفاذ کا ہوا کھڑا کیا جا رہا ہے، تو کبھی مسلمانوں سے ان کی مذہبی آزادی سلب کرنے کی ناپاک کوشش ہو رہی ہے، غرض وطن عزیز میں افلیتوں کی جان و مال اور عزت وآبرو کا تحفظ ایک بہت بڑا مسئلہ بن چکا ہے۔

کہیں بھی جمہوری نظام کی کامیابی اور خوبصورتی کا راز اس بات میں مضمر ہے کہ اس کے سائے میں سانس لینے والے شہریوں کے ساتھ عدل وانصاف اور برابری ومساوات کا معاملہ کیا جائے، امن وسکون کا ماحول ہو، اصول وقوانین کی بنیاد پر گھرانی ہو، اور تمام ادیان و مذاہب کے ماننے والوں کو اپنے دینی شعائر اور اصول وعقائد کی روشنی میں زندگی گزارنے کی آزادی ہو، مذہبی آزادی میں مخوتیں دخل انداز نہ ہوں، اور سب کو ساتھ لے کر چلنے کا جذبہ ہر حکومت کے پیش نظر ہو۔

ہمارا ملک ہندوستان جو دنیا کا سب سے عظیم جمہوری ملک ہے، اس کا دستور اپنے ہر شہری کو مذہبی آزادی اور تمام طبقات کو یکساں حقوق ومواقع کی ضمانت فراہم کرتا ہے، دستور ہند میں مذہبی اقلیات کے لیے خاص رعایتیں بھی دی گئی ہیں، جن کی حفاظت اور یقین دہانی حکومت وقت کی ذمہ داری اور فرض منصبی ہے۔ مگر افسوس یہاں وقفاً وقفاً امن وشانتی کو برباد کرنے اور فرقہ واریت کو بڑھاوا دینے کی سازشیں بھی ہوتی رہتی ہیں، اس وقت ہند وستان میں تشدد پسند طاقتوں کا بول بالا ہے، گزشتہ چار پانچ برسوں میں ملک نے جو سیاہ دن دیکھے ہیں، وہ ہندوستانی عوام بھی نہیں بھلا پائے گی۔

چونکہ لاکھ نافرت کو بڑھاوا دیا جا رہا ہے، مذہب کے نام پر سیاست کی جا رہی ہے، بلکہ مزید تعجب کی بات یہ ہے کہ حکمران جماعت نے اپنے دور اقتدار میں سیاست کی اخلاقی قدریں اور اس کا معنی ومفہوم ہی بدل ڈالا ہے۔

سماجی تجزیہ نگاروں، سیاسی دانشوروں اور قومی ودینی الاقوامی ادارہ کا ماننا ہے کہ اس وقت ہندوستان میں شہریت قانون، این آر سی، اور این پی آر کے خلاف ملک متحد ہو چکا ہے، بالآخر اتحاد مذہب وملت سبھی مذاہب کی جانب سے سی اے اے اور این آر سی کی مخالفت کی جاری ہے۔

سی اے اے مسلم قوم کے خلاف اس لیے ہے کیونکہ یہ قوم مذہبی تفریق کے لیے صرف مسلمانوں کو ذمہ دار ٹھہراتی ہے، یہ قوم دوسروں کو مذہبی تفریق کا ذمہ دار نہیں سمجھتی ہے، جب کہ مودی حکومت کے سارے میں مسلمانوں کو اپنی مذہبی شناخت کی وجہ سے آئے دن نفرت کا شکار بنایا جاتا ہے۔

آزاد ہندوستان کا شہری ہونے کی حیثیت سے سیکولر انڈیا کو بچانے کے لیے آئین کو زندہ وجاوید رکھنے کے لیے ہم سب کو سی اے اے، این آر سی اور این پی آر کے خلاف مہم میں شامل ہونا پڑے گا۔ چونکہ یہ قانون ملک کی امن وسلامتی اور قومی یکجہتی کو توڑنے کی سازش ہے، ہم اس کالے قانون کو واپس کرانے کے لیے انتھک کوشش کریں گے، جب تک یہ قانون واپس نہیں ہوگا، اس وقت تک ہم احتجاجی مظاہرے کرتے رہیں گے۔

ملک کی موجودہ صورت حال یہ ہے کہ مہنگائی آسمان چھو رہی ہے، جی ایس ٹی، نوٹ بندی پھر لاک ڈاؤن کے تاجروں کی کمر توڑ ڈالی ہے، کسان احتجاج و خودکشی کرنے پر مجبور ہیں، نوجوان بے روزگاری کے عالم میں زندگی بسر کر رہے ہیں، اس کے باوجود زور وشور کے ساتھ کہا جا رہا ہے کہ ملک ترقی کی طرف رواں دواں ہے، اگر اسی کا نام ترقی ہے تو پھر اس ترقی سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں۔

آخیر میں مجھے دستور ساز کمیٹی کے سربراہ، معروف ومشہور لیڈر ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کی وہ بات یاد آرہی ہے، جو انہوں نے آئین ساز اسمبلی میں آئین کا مسودہ پیش کرتے ہوئے کہا تھا کہ "دنیا کا کوئی بھی قانون کامل نہیں ہو سکتا، اس کو موثر اور قابل استعداد بنانا، روبہ عمل لانے والے افراد اور اداروں کی نیت پر منحصر ہے، اسی تقریر میں انہوں نے مزید کہا تھا کہ ایک اچھے سے اچھا آئین بھی اگر نااہل اور بے ایمان کے ہاتھ لگ جائے تو بد سے بدتر ثابت ہو سکتا ہے، لیکن اس کو چلانے والے اداروں کے ذمہ دار اگر نیک دل اور بامروت ہوں تو خراب سے خراب تر آئین بھی اچھا ثابت ہو سکتا ہے"۔

اس وقت کچھ یہی صورت حال ہے، حکومت چلانے والے بے مروت، بد باطن اور آئین دشمن ہیں، ان کی چالوں سے واقف ہونا، ان کی خراب ذہنیت کو سمجھنا اور جمہوریت کے اصولوں کی حفاظت اور دستور کے تحفظ کے لیے کمر بستہ ہونا ضروری ہے، اور یہ ہر شہری کی اہم تر ین ذمہ داری ہے، اس کا تعلق کسی ایک مذہب سے نہیں ہے، بلکہ ملک اور اس کے تمام باشندگان سے ہے، ملک اور اس کا دستور زبان حال سے ہر شہری کو اس کی حفاظت کے لیے آواز دے رہا ہے۔

موجودہ حالات میں ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ وہ متحد ہو کر ایک آواز، اور ایک طاقت بن کر دستور بچانے کے لیے آگے آئیں، نگراں ظالم ہیں اور ہم مظلوم ہیں، اگر ان کے پاس اقتدار ہے تو ہمارے پاس اتحاد ہے، ان کے پاس طاقت ہے تو ہمارے پاس ہمت ہے، اور اگر ان کے پاس لاٹھی ہے تو ہمارے پاس وطن کی محبت میں دھڑکتا دل ہے۔

یوم جمہوریہ ہر سال آتا ہے اور تحفظ جمہوریت کا پیغام دیتا ہے، اور جمہوریت کے تحفظ کے عہد کی تجدید کراتا ہے، اور کہتا ہے کہ اگر جمہوریت محفوظ ہے تو پھر جشن یوم جمہوریہ یہ میرا اور تمہارا حق ہے، اگر جمہوریت خطرہ میں ہے تو پھر جشن یوم جمہوریہ منانا کسی مذاق سے کم نہیں ہے، اس لیے یوم جمہوریہ کے موقع پر ہر شہری کو دستور کی حفاظت اور جمہوریت کی بقا کے لیے ہر طرح کی قربانی دینے کا عہد کرنا چاہیے، اور یاد رکھنا چاہیے کہ پہلے ہم نے آزادی کے لیے لڑائی لڑی تھی، اور اب دستور بچانے کے لیے جدوجہد کرنا ہے۔

اللہ رب العزت ملک ہندوستان میں امن وسکون اور مسلمانوں کی حفاظت فرما۔

آمین ثم آمین یارب العالمین

یومِ جمہوریہ اور جسمانی ورزش

تحریر: محمد حیدر رضا: نگور
رابطہ: 9886402786
امام مسجد اللہ ﷻ خطیب مسجد رحمتیہ میسور وڈبدیہ قبرستان

وطن عزیز ملک ہندوستان میں ہر سال ۲۶ جنوری کو بلا ناغہ یاد تفریح ومنت بڑے تزک واحتشام کے ساتھ یوم جمہوریہ Republic Day مناتے ہیں اور پورے ملک کو دلہن کی طرح سجایا جاتا ہے اور آئین ہند کے تحفظ وحفاظت کی ذمہ داری لی جاتی ہے جمہوریت آزادی کو یاد کیا جاتا ہے، یہ ہندوستان کی تاریخ کا ایک اہم باب اس لئے ہے کہ برطانیہ تسلط سے آزادی ہندوستان کی عوام نے طویل جدوجہد کے بعد حاصل کی تھی، ہندوستان انگریزوں کے غلام وستم وجبار اور پالیسیوں اور غلامی کی زنجیروں سے 15 اگست 1947 کو آزاد ہوا، سب سے اول جنگ آزادی ہی کے بعد ہندوستان کو چلانے کے لئے ہر ایک قوم کے حقوق طے کئے ملک کا آئین بنایا گیا اس لئے ہم جنگ آزادی کے شہیدوں کی شہادت کو بھولیں گے نہ آئین ساز کے بنائے ہوئے آئین کو بھولیں گے، جس ملک میں ہم رہتے ہیں اس ملک میں ہزاروں شہیدوں کی شہادت ہوئی ہے، ہند کی زمین ہزاروں شہیدوں کے خون کو اپنے دامن میں لی ہے اس لئے ہم ابتدائے جنگ آزادی سے لے کر ۱۵ اگست ۲۶ جنوری تک کے اہم تاریخی واقعات کو یاد کرتے ہیں۔

انگریزوں کا تسلط پورے ہندوستان پر ہو گیا، ہندوستان کی آزادی کے لئے ہر قوم جدوجہد میں لگی تھی مگر سب سے پہلے پہل کون قوم کا، اس وقت سب سے پہلے قائد جنگ آزادی حضرت علامہ فضل حق خیرآبادی نے جامع مسجد دلی سے انگریزوں کے خلاف جہاد کی آواز بلند کی علماء نے فرضیت جہاد پر فتویٰ لیا تو دلی کے ۳۳ علماء حق نے دستخط ثبت کئے جس کے نتیجے میں ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی رونما ہوئی، جسے انگریزوں نے غدر کہا کہ اس لڑائی کا ثبوت پیش کیا ہزاروں کی تعداد میں علماء شہید کئے گئے لاکھوں مجاہدین سولی پر لٹکائے گئے جب ہمارا ملک آزاد ہوا، ہندوستان آزاد ہوا نوے سال کی طول مسافت طے کرتے ہوئے کاروان آزادی ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو ہندوستان کا مقدر جاگ گیا ہندوستانی وقت کے مطابق تحیک بارہ بجے آل انڈیا ریڈیو سے ہندوستان کی آزادی کا اعلان ہوا، پھر ہندوستان کو چلانے کے لئے 26 جنوری 1950 کو قانون نافذ کیا گیا، اس قانون کے بعد ہندوستان میں جمہوری طرز کا آغاز ہوا، 26 جنوری 2022 کے دن ہندوستان میں 75 واں یوم جمہوریہ کے نام سے جس طرح پانچ اور یونیورسٹیوں اور مختلف جگہوں پر تقریبات کا انعقاد ہوتا ہے اسی طرح مدارس اسلامیہ اور مکتب مساجد کے احاطے میں بھی جوش وخروش کے ساتھ پرچم کشائی کی جاتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے فرمان کے مطابق ہم اپنے ملک سے بے انتہا محبت کرتے ہیں، جب جب ملک کے لئے جیسے جیسے ضرورت پڑی ویسے ویسے ہم اپنے وطن دین سے پیش پیش رہ کر اپنے وفاداری کا ثبوت دیتے ہیں جس کی بے شمار نشانیاں وطن عزیز میں موجود ہیں، ہم ملک میں ہم نے خواجہ کے ہندوستان میں رہنا پسند کیا پاکستان نہیں گئے ہمیں اس مٹی سے محبت ہے جس میں ہمارے آباواجداد کی نشانیاں موجود ہیں ہندوستان میں حضرت آدم علیہ السلام تشریف لائے اور آقائے کائنات ﷺ نے فرمایا مجھے ہندوستان سے محبت کی بو آتی ہے، اس لئے بھی ہم اپنے وطن سے محبت کرتے ہیں ہندوستان ایک سکولر ملک ہے یہاں سب کو اپنے اپنے مذہب پر چلنے کا مکمل حق ہے بھارت کا آئین دفعہ ۲۳، ۲۴، ۲۵ میں موجود ہے سب برابر کے حصہ دار ہیں ہم سب شہیدانے جنگ آزادی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جن کی قربانیوں سے آج ہم آزاد ہیں اور بھارت کو آئین ملا آئی آئین کے مطابق ملک چلایا جاتا ہے۔

جسمانی ورزش یا پرستش

اسلام جسمانی ورزش کرنے سے منع نہیں کرتا پوری دنیا میں انسان اپنے آپ کو مکمل تندرست صحت مند رکھنے کے لئے روزانہ ورزش کرتا ہے اور ورزش انسانی صحت کے لئے مفید و فائدہ مند ہے اور نماز میں اللہ کی عبادت بھی ہوتی ہے ساتھ ہی ساتھ جسمانی ورزش بھی ہوتی ہے برادران اسلام روزانہ نماز پنجگانہ میں حاضر ہو کر بھی قیام کی حالت میں، کبھی رکوع کی حالت میں کبھی سجدے کی حالت میں کبھی تشہد کی حالت میں رہ کر اللہ کی بندگی کرتا ہے یہ بہترین ورزش ہے ہمیں ورزش کو کوئی اختلاف نہیں ہے بلکہ کسی چیز کو عبادت کے الفاظ سمجھ کر رسوت وتاج چاند و سورج وغیرہ ناطوقات خدائی عبادت کرنا اس کے لئے سجدہ کرنا یہ پیش کرنا شرک اکبر صفات یعنی اللہ وحدہ لاشریک کی ذات و صفات میں کسی کو شریک کرنا یہ شرک ہے اور سورہ لقمان آیت نمبر ۱۳ پارہ ۲۱ میں اللہ پاک نے کہا۔ یاد کرو جب حضرت لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا اور وہ نصیحت کرتا تھا اے میرے بیٹے اللہ کا کسی کو شریک نہ کرنا بے شک شرک بڑا ظلم ہے۔ اور جو اللہ کی ذات و صفات میں کسی کو شریک کرتا ہے تو اللہ پاک قرآن مجید پارہ ۵ آیت نمبر ۴۸ سورہ نساء میں فرمایا ہے شک اللہ اسے نہیں بخشتا کہ اس کے ساتھ کفر کیا جائے اور کفر سے نیچے جو کچھ ہے جسے چاہے معاف فرما دیتا ہے اور جس نے خدا کا شریک ٹھہرایا اس نے بڑے گناہ کا طوفان باندھا اور مسلمان پہلے ہی یہ اقرار کر چکا ہے کہ ایمان لایا میں اللہ پر، اس کے فرشتوں پر اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر قیامت کے دن پر تقدیر پر اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر مومن کے لئے ایمان ہی سب سے بڑی دولت ہے اگر ایمان ہی چلا گیا تو کوئی عبادت و ریاضت کام آتے دل نہیں ہے اس لئے مسلمان اپنے اور اپنی اولاد اور دوست واحباب کے ایمان کی حفاظت کی کوشش کریں اہل وطن کو 75 واں یوم جمہوریہ مبارک ہو

سارے جہاں سے اچھا ہندوستان ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا
مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا
ہندی ہیں ہم وطن ہیں۔ ہندوستان ہمارا
کچھ بات ہے کہ ہستی مٹی نہیں ہماری
صدیوں رہا ہے دشمن دور زماں ہمارا
(ڈاکٹر اقبال)

جمہوریت کی لاش

نیاز جیہ اچھوری
موبائل: 9935751213

عداوت، بغض ونفرت کی جو آندھی رُک نہیں پاتی
اسی آندھی نے خاک وخون کے منظر دکھائے ہیں
گلی کوچوں میں بہتا خون زخمی لوگ اور لاشیں
اسی آندھی نے یہ سب اور چلتے گھر دکھائے ہیں
کہیں فرقہ پرستوں نے کیا ہے قتل لوگوں کو
کہیں زندہ بلا ڈالا انہوں نے بے گناہوں کو
کہیں معصوم بچے ہو گئے چھلنی کہیں زخمی
یقیناً موت تڑپی ہوگی سن کر ان کی آہوں کو
کسی کی مانگ اجڑی ہے کسی کی گود اجڑی ہے
کوئی سارا اثاثہ زندگی کا کھو کے بیٹھا ہے
کسی کے چہرے پر تیرانی آنکھوں سے یہ ظاہر ہے
کہ یہ سارا اُجالا زندگی کا کھو کے بیٹھا ہے
پس دیوارِ مذہب میں سیاسی بھیڑیے بیٹھے
چھپا کر اصل چہرہ دھرم کا جو کام کرتے ہیں
نہ انکو بابری مسجد نہ مندر رام کا پیارا
عروسِ ہند کی عظمت کو جو نیلام کرتے ہیں
بہاروں آنیں بھرتی، ہاتھ ملتی لوٹ جاتی ہیں
چمن میں قومی یکجہتی کے خیمہ زن خزاؤں میں
بکھرتے جا رہیں پال و پر سونے کی چڑیا کے یہ
نہ جانے اس کو لگتی جاتی کس کی سونے پر دعائیں ہیں
تقاضا وقت اور حالات کا ہے جو اُسے سمجھو
سنو! اے پیکر سے پیارے وطن والو چلو آؤ
نہ بیٹھو موند کر آنکھوں کو، دیکھو اور بڑھو آگے
محافظ دیش اور قانون کے نقشے چلے جاؤ
چڑھا کر دھرم کو لوگوں نے سولی پر سیاست کی
اخوت، دوستی، انسانیت سب کچھ کچل ڈالا
دلوں کے بیچ اب یہ فاصلے بڑھتے ہی جاتے ہیں
کہ ان موقع پرستوں نے مزاجوں کو بدل ڈالا
کیا زہر خیز جس دھرتی کو خوں دے کر شہیدوں نے
اسے کچھ ذہن و دل کے کالوں نے بنجر بنا ڈالا
وطن اپنا مثالی تھا کبھی جو سارے عالم میں
اسے کچھ سر پھروں نے بد سے بھی بد تر بنا ڈالا
ہر اک چوراہے پر جمہوریت کی لاش لگی ہے
درِ انصاف پر قانون کا پتلا مسلط ہے
جہاں سب نغمے گاتے تھے، جہاں تھیں رونقیں کل تک
نیاز آج ان گلی کوچوں میں سناٹا مسلط ہے

باقی رہے ہمیشہ جمہوریت ہندوستان کی!

جاوید اختر بھارتی
(سابق سکریٹری یوپی بنکر یونین)
محمد آباد گوہنہ ضلع مئو یوپی
موبائل: 8299579972

یہ حقیقت ہے کہ علماء کرام کی بدولت ہی بھارت انگریزوں کی غلامی سے آزاد ہوا ہے اور آج بھی مدارس میں ملک سے وفاداری کی تعلیم دی جاتی ہے امن وسلامتی کا پیغام دیا جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ ملک میں جب بھی کوئی مسئلہ درپیش آیا ہے تو مسلمانوں نے آگے بڑھ کر ملک کی حفاظت کی ہے اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہا دیا ہے اس لئے یہ تو مسلمانوں پر شک کی گنجائش ہے اور نہ ہی دینی مدارس پر انگلی اٹھانے کی گنجائش ہے آج جس طرح مرکزی و ریاستی حکومت نے نئے قوانین بنا رہی ہے اور احتجاج و مظاہرے کو طاقت کے استعمال کے ساتھ روک رہی ہے یہ جمہوریت کی شبیہ خراب کرنے کی کوشش ہے اس لیے کہ سیاسی پارٹیوں اور حکومت کے فیصلوں پر احتجاج و خیر مقدم دونوں کا اختیار ملک کے آئین نے دیا ہے اور آئین تب بنا ہے جب بھی مذاہب کے ماننے والوں کے ایک ساتھ ہوکر انگریز جیسی ظالم قوموں کے خلاف علم بغاوت بلند کیا اور ہندوستان کو ان کی زنجیروں سے آزاد کرایا اسی اختیارات کی بنیاد پر شہریت ترمیمی قانون کی بھی پورے ملک میں مخالفت ہو رہی تھی اور احتجاج و مظاہرہ ہو رہا تھا اور ناانصافی کے خلاف احتجاج یہ جمہوریت کی شان ہے۔

آج کچھ فرقہ پرست بس طرح بدزبانی کر رہے ہیں اور دینی مدارس پر جو بیہودہ الزامات لگا رہے ہیں اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے انہیں یہ بات نہیں بھولنا چاہیے کہ ظلم و جبر وناانصافی سے بہت دنوں تک حکومت قائم نہیں رہ سکتی جہاں اسلام ہوگا وہاں سلامتی ہوگی جہاں ایمان والے ہوں گے وہاں امن وامان ہوگا کیونکہ اسلام کے معنی ہی سلامتی کے ہیں اور سلامتی کی ہی مذہب اسلام تعلیم بھی دیتا ہے مانتی میں جو پورے ملک میں احتجاج اور مظاہرہ ہو رہا تھا اسے قطعی طور پر مذہبی نگاہ سے دیکھنے کی ضرورت نہیں تھی اور مذہبی تھا بھی نہیں بلکہ جس طرح ملک آزاد کرانے میں ہر مذاہب کے لوگوں نے حصہ لیا تھا اسی طرح آئین و جمہوریت بچانے کے لئے ہر مذاہب کے لوگ احتجاج و مظاہرے میں حصہ لے رہے تھے اس لئے کہ ہر انصاف پسند وبیکلر ازم میں یقین رکھنے والے کو اس بات کا احساس ہو رہا تھا اور احساس ہو رہا ہے کہ شہریت ترمیمی قانون سے ملک کا زبردست نقصان ہوگا اس سے مذہبی منافرت بڑھے گی اور فرقہ پرست طاقتیں مضبوط ہوں گی اور ملک میں فرقہ پرستی رہے اور پوری طرح امن وسکون قائم رہے یہ ملک کے ہر شخص کی ذمہ داری ہے۔

مسلمانوں کو بھی اپنے آباؤ اجداد کی تاریخ کو یاد رکھنا ہوگا کیونکہ جو قوم اپنے اسلاف کی تاریخ بھلا دیتی ہے وہ قوم سیاسی طور پر کھو دیا کرتی ہے کہیں اس کی کوئی شناخت نہیں ہوتی اور دوسری حال آج ملک میں مسلمانوں کا ہے اس لیے جمہوریت میں سیاسی پہچان کا ہونا لازمی ہے اور سیاسی پہچان تبھی قائم ہوگی جب ہم اپنے اسلاف کی تاریخ سے روشناس ہوں گے آج حکومت کے نشے میں چور گمراہ لیڈران مدارس دینیہ کو نشانے پر لینا چاہتے ہیں اور جھوٹے الزامات لگا کر ہٹ دھرمی کا اظہار کر رہے ہیں، تاریخ کو جھٹلا رہے ہیں ساتھ ہی ساتھ آج علماء کرام پر مقدمات درج کئے جا رہے ہیں جبکہ اس ملک کو آزاد کرانے کیلئے علماء کرام نے سروں پر کفن باندھ کے انگریزوں کے خلاف علم بغاوت بلند کرتے ہوئے جنہوں نے انگریزوں کی حکومت کو کالا پانی کی سزا دی تھی فتویٰ واپس لینے کے لئے دباؤ بھی کیا لیکن علامہ فضل حق خیرآبادی نے کہا کہ فتویٰ طبیعت کی روشنی میں نہیں دیا جاتا ہے کہ جب چاہے بدل دیا جائے بلکہ فتویٰ شریعت کی روشنی میں دیا جاتا ہے اس لیے بدلا نہیں جا سکتا اور ہم مذہب میں وطن عزیز سے محبت اور حفاظت کرنے کی تعلیم دی گئی ہے اور اس پر عمل کرنا نصف ایمان تک قرار دیا گیا ہے تو ہم اپنی آخری سانس بھی اپنے ملک ہندوستان کے لئے قربان کر دیں گے، اپنے خون کا آخری قطرہ تک ملک کے لئے بہا دیں گے لیکن فتویٰ نہیں بدلیں گے مولانا ابوالکلام آزاد کی بیوی بیمار تھی اور مولانا آزاد جیل کے اندر تھے انگریز نے پیغام بھیجا کہ اگر مولانا آزاد تحریر دیں اپنے آپ کو تحریک آزادی سے الگ کرنے فی تو ہم انکی بیوی کی بیماری کے مدنظر انہیں رہا کر دینگے جب یہ پیغام جواہر لال نہرو نے ان تک پہنچایا تو مولانا آزاد نے کہا کہ ایک طرف میری بیوی بیمار ہے اور دوسری طرف میری ماں کو انگریزوں نے غلامی کی زنجیروں میں جکڑ رکھا ہے ایسے میں مجھے اپنی بیوی کی فکر نہیں ہے بلکہ اپنی ماں کی فکر ہے میں اپنی ماں کو انگریزوں کی زنجیروں سے آزاد کرانے کے لئے اپنی بیوی کی بیماری کی پرواہ نہ کرتا ہوں لیکن ماں کو سکتا ہوا اور زنجیر ماں کو کراہتا ہوا نہیں دیکھ سکتا مجھے اپنی بیوی کی بیماری منظور ہے، بیوی کی اچھتی ہوئی آہیں منظور ہے، بیوی کا جاتا ہوا جنازہ منظور ہے مگر مجھے ایسی بیانی منظور نہیں ہے۔

ریشمی رومال کی تحریک علماء کرام نے چلائی، انقلاب زندہ باد کا نعرہ علماء کرام نے لگایا، گاندھی جی کو مہاتما کا خطاب علماء کرام نے دیا، تقسیم ہند کی مخالفت علماء کرام نے کیا، جامع مسجد کی سیڑھیوں پر کھڑے ہو کر انگریزوں کے خلاف خطاب علماء کرام نے کیا، ملک کی آزادی کے بعد جب دستور ہند مرتب ہوا تو سب سے پہلے غیر مقدم علماء کرام نے کیا، قدم قدم پر ملک سے حب الوطنی کا ثبوت علماء کرام نے دیا اور ہزاروں علماء نے ملک کو آزاد کرانے کے لیے اپنی جانیں قربان کیں ان کا تعلق اسی مدارس سے تھا جن مدارس پر آج کچھ فرقہ پرست ذہنیت کے لوگ گھناؤنے الزامات لگا رہے ہیں اگر اپنی آنکھوں سے آزاد کے تعصب کی عینک اتار کر دیکھیں تو ہندوستان کے مدارس ملک کی آزادی کی لڑائی اور جمہوریت کے فروغ کا ایک حصہ نظر آئیں گے لیکن یہاں تو ہند ومسلم اتحاد کو توڑ کر اور دونوں کے بذبات کو ابھار کر سیاست کی روٹی سینکنے کا کچھ لوگوں نے ٹھیکہ لے رکھا ہے، نہیں نہ تو ملک کی پرواہ ہے اور نہ ملک کی عوام کی پرواہ ہے نہ امن کی پرواہ ہے بس سروں پر غرور سوار ہے زبان درازی، بدکلامی، بدزبانی، گالی اور دھمکی واشتعال انگیز بیانات و تقریریں کرنا ان کا مشغلہ بن گیا ہے اور آج ہماری صفوں میں بھی ایسے ایسے تنگ نظر پیدا ہو گئے ہیں کہ ملک کی آزادی سے متعلق بھی مضمون لکھتے ہیں تو مکتب فکر کی بنیاد پر لکھتے ہیں، ان کے مضامین سے اختلافات، تعصبات، بغض حسد نفرت کی بو آتی ہے اور اس کے باوجود بھی سچائی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں وجہ یہ ہے کہ ان کی سوچ کا دائرہ بہت چھوٹا ہے میرے نزدیک بلا تفریق مذہب وملت وہ سب قابل احترام ہیں جنہوں نے ملک کو آزاد کرانے میں جان ومال کی قربانی دی ہے آج الیکشن کا بھی ماحول ہے یعنی امسال یوم جمہوریہ ایک پیغام لے کر آیا ہے کہ اور یہ اعلان کر رہا ہے کہ خوب سوچ سمجھ کر کسی کو اپنا نمائندہ منتخب کرو اور حکومت کی باگ ڈور ایسے ہاتھوں میں دو جمہوریت کی بحالی کے لئے ٹھوس اقدامات کرے اور جمہوریت کی شان بڑھائے اور اس کے لئے ضروری ہے کہ پوری بیداری کے ساتھ حق رائے دہی کے استعمال میں صحیح اور ہندوستان زندہ باد کا نعرہ لگاؤ۔

نئی نسلوں کے روشن مستقبل کے لیے علم وہنر کا فروغ نہایت ضروری: علامہ غلام رسول بلیاوی

مسلم معاشرہ اپنے تنازعات کا حل دارالقضاء ادارہ شرعیہ سے قرآن واحادیث کی روشنی میں کرائیں: مولانا محمد قطب الدین رضوی

الحیات نیوز سروس

رانچی/ہزار بیباغ/25/جنوری:ادارہ شرعیہ جھارکھنڈ رابطہ عامہ ضلع وارھم کے تحت 24 جنوری 2022 کو بعد نماز مغرب جامعۃ ناظم الٰہی مولانا محمد قطب الدین رضوی کی صدارت میں علماء، ائمہ مساجد، عمائدین شہر پر مشتمل شوری ومنتظمہ دارالقضاء ہزار بیباغ شاخ ادارہ شرعیہ جھارکھنڈ کی اہم آن لائن زوم میٹنگ منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی مرکزی ادارہ شرعیہ پٹنہ کے صدر محترم حضرت مولانا غلام رسول بلیاوی نے شرکت کی نظامت کے فرائض مولانا غلام وارث صمدی نے انجام دیے جبکہ مہمان اعزازی کی حیثیت سے مولانا مفتی محمد انور نظامی مصباحی اور مولانا مفتی محمد فیض اللہ مصباحی نائبین قضاۃ ادارہ شرعیہ جھارکھنڈ نے شرکت فرمائی، آن لائن نشست کا آغاز مولانا مفتی عبدالجلیل سعدی نے تلاوت قرآن پاک سے کیا، نشست کے اغراض ومقاصد پر گفتگو کرتے ہوئے ناظم اعلیٰ مولانا محمد قطب الدین رضوی نے کہا کہ سن 1968 عیسوی میں عالم اسلام کی عبقری شخصیت رئیس القلم حضرت علامہ ارشد القادری قدس سرہ نے فیض منتظم بہار کے مردم خیز آرہ ضلع سرزمین سیوان میں برصغیر کے جید ومستند مشائخ وعلماء کرام کی موجودگی میں ادارہ شرعیہ کی بنیاد رکھی جس کا پودا جوارڑ پلانٹ رکھا گیا اور علامہ علیہ الرحمہ نے جو رہنما خطوط اور شرعیہ کو عطا کیے اسی پر کاروان رہتے ہوئے شریعت وطریقت، ملک وملت، تعلیم وتربیت، اصلاح ایمان ومنقبہ، فلاح ملت، خانگی مسائل اور دیگر دینی ودنیاوی امور کو پیش نظر پورے ملک میں کارہائے نمایاں انجام دیتا آرہا ہے جس کے خدمات نصف صدی سے زائد پر محیط ہیں اور اس وقت بہار، جھارکھنڈ، بنگال، اڑیسہ، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، آسام، تریپورہ، اترپردیش، مہاراشٹرا، راجستھان، گجرات، تمل ناڈو، کرناٹک، اتراکھنڈ، انڈمان نیکوبار وغیرہ میں ادارہ شرعیہ کی شاخیں خدمت دین میں مصروف عمل ہیں اسی طرح ریاست جھارکھنڈ کے کونے کونے میں ادارہ شرعیہ ملک وملت، دین ومذہب کی خدمت کررہا ہے ناظم اعلیٰ نے کہا کہ ہزار بیباغ کے علماء کرام اور عوام الناس کی شرعی، معاشرتی اور خانگی ضرورتوں کے پیش نظر دارالقضاء ہزار بیباغ شاخ ادارہ شرعیہ جھارکھنڈ کا قیام عمل میں گذشتہ سال آیا تھا جس کی جانب عوام الناس کو راغب کرنا اور ان کے مسائل کو حل کرتے رہنا اہم ذمہ داری ہے، مولانا غلام وارث صمدی نے کہا کہ ہزار بیباغ کے علماء وعوام دارالقضاء ہزار بیباغ کے قیام سے بہت مطمئن ہیں جہاں سے عوام الناس کو ہر موڑ پر رہنمائی مل رہی ہے ساتھ ہی تنظیم علماء اہل سنت ممکن تعاون کر رہی ہے، دارالقضاء ہزار بیباغ شاخ کے ضلع ثانی شریعت مولانا مفتی عبدالجلیل سعدی نے کہا کہ دارالقضاء ہزار بیباغ میں روزانہ مسلمانوں کے مسائل قرآن واحادیث کی روشنی میں فیصلے ہوتے ہیں فریقین نے مفتی محمد انور نظامی مصباحی نے کہا کہ مجلس شوری اور مجلس منتظمہ کا ہر وقت اشتراک چاہیے، عرفان احمد کا جونے ہر نظم وضبط کی جانکاری دی، رفعت امام نے ہمہ وقت ادارہ شرعیہ کی حمایت پر عمل کرتے رہنے کا عہد کیا مولانا محمد ادریس رضانے دارالقضاء کی ضرورت پر روشنی ڈالا، مفتی غلام حسین ثقافی نے دارالافتاء، واقعہ کی اہمیت پر سیر حاصل گفتگو کی، مولانا عبدالحکیم، مولانا نورالدین، مفتی مبین احمد مصباحی، مولانا عبدالوامد مصباحی، مفتی رضوان احمد مصباحی، مولانا معین الدین مصباحی، مولانا عرفان رضا، مولانا مختار عالم، مولانا عبدالوحاب سیوفی راعین برکاتی، مولانا دانش اقبال، غفر عقیل، مناظر حسن، پروفیسر ڈاکٹر حسن چشتی، مولانا ڈاکٹر غلام حیدر علی شکیل بہاری، محمد شاہد مخیر ہم نے اہم رائے پیش کیا، آن لائن زوم میٹنگ کو خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی حضرت مولانا غلام رسول بلیاوی صدر مرکزی ادارہ شرعیہ پٹنہ سابق ممبر آف پارلیامنٹ نے اہل ہزار بیباغ بالخصوص تنظیم علماء اہل سنت اور ارکان جامع مسجد ہزار بیباغ کی حوصلہ افزائی کی جنہوں نے تر پچرہ کے فساد متاثرین کی ظاہر خواہ مدد کی اور مولانا قطب الدین رضوی کی قیادت میں بنا ادارہ شرعیہ رطیبت وفد برائے تر پچرہ نے مظلومین کی مدد کی اور جنہوں نے اس وقت تر پچرہ میں رطیبت کا کام بحیا جب حالات نہایت سنگین تھے اور کسی دوسری جگہ سے تر پچرہ جانا ناممکن مشکل تھا اس وقت ادارہ شرعیہ کا رطیبت وفد بہار وجھارکھنڈ کے تمام حضرات کے تعاون سے مظلومین ومتاثرین کی مالی ومدد کیلیے اشیاء مدد کیلیے کام نہایت جوکھم بھرا تھا، مولانا بلیاوی نے کہا کہ ادارہ شرعیہ کے درجنوں شعبہ جات ہیں جو اپنی اپنی ذمہ داریاں نبھارہے ہیں انہیں میں دارالقضاء ایک اہم شعبہ ہے اس شعبہ میں اپنے مسائل کو لیکر آنے والے ہر خاندان وافراد کو ان کی اپنی ذمہ داریوں کا احساس دلانا اور زندگی کے اصل مقصد سے واقفیت کرانا انہیں اسوہ حسنہ پر عمل پیرا رہنے کی ترغیب دینا قاضیان کے اہم مناصب میں سے ہے جسے ہزار بیباغ اور ملک کے مختلف علاقوں میں پھیلے دارالقضاء ادارہ شرعیہ کے قاضیان شرع ومفتیان کرام بخوبی نبھارہے ہیں علامہ بلیاوی نے کہا کہ دارالقضاء اور دیگر شعبہ جات دارالقضاء ایک ایسا نظام ہے جو ملک کی عدالتوں کے بوجھ کو بچاں کم کررہا ہے وہیں فوٹنے اور ٹھہرجانے کی مدتک پہونچنے سے مسلم خاندان کی صحیح رہنمائی کرکے ان کے مسائل کیے جاتے ہیں، مفتی محمد انور نظامی مصباحی نے کہا کہ مجلس شوری اور مجلس منتظمہ کا ہر وقت اشتراک چاہیے، عرفان احمد کا جونے ہر نظم وضبط کی جانکاری دی، رفعت امام نے ہمہ وقت ادارہ شرعیہ کی حمایت پر عمل کرتے رہنے کا عہد کیا مولانا محمد ادریس رضانے دارالقضاء کی ضرورت پر روشنی ڈالا، مفتی غلام حسین ثقافی نے دارالافتاء، واقعہ کی اہمیت پر سیر حاصل گفتگو کی، مولانا عبدالحکیم، مولانا نورالدین، مفتی مبین احمد مصباحی، مولانا عبدالوامد مصباحی، مفتی رضوان احمد مصباحی، مولانا معین الدین مصباحی، مولانا عرفان رضا، مولانا مختار عالم، مولانا عبدالوحاب سیوفی راعین برکاتی، مولانا دانش اقبال، غفر عقیل، مناظر حسن، پروفیسر ڈاکٹر حسن چشتی، مولانا ڈاکٹر غلام حیدر علی شکیل بہاری، محمد شاہد مخیر ہم نے اہم رائے پیش کیا، آن لائن زوم میٹنگ کو خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی حضرت مولانا غلام رسول بلیاوی صدر مرکزی ادارہ شرعیہ پٹنہ سابق ممبر آف پارلیامنٹ نے اہل ہزار بیباغ بالخصوص تنظیم علماء اہل سنت اور ارکان جامع مسجد ہزار بیباغ کی حوصلہ افزائی کی جنہوں نے تر پچرہ کے فساد متاثرین کی ظاہر خواہ مدد کی اور مولانا قطب الدین رضوی کی قیادت میں بنا ادارہ شرعیہ رطیبت وفد برائے تر پچرہ نے مظلومین کی مدد کی اور جنہوں نے اس وقت تر پچرہ میں رطیبت کا کام بحیا جب حالات نہایت سنگین تھے اور کسی دوسری جگہ سے تر پچرہ جانا ناممکن مشکل تھا اس وقت ادارہ شرعیہ کا رطیبت وفد بہار وجھارکھنڈ کے تمام حضرات کے تعاون سے مظلومین ومتاثرین کی مالی ومدد کیلیے اشیاء مدد کیلیے کام نہایت جوکھم بھرا تھا، مولانا بلیاوی نے کہا کہ ادارہ شرعیہ کے درجنوں شعبہ جات ہیں جو اپنی اپنی ذمہ داریاں نبھارہے ہیں انہیں میں دارالقضاء ایک اہم شعبہ ہے اس شعبہ میں اپنے مسائل کو لیکر آنے والے ہر خاندان وافراد کو ان کی اپنی ذمہ داریوں کا احساس دلانا اور زندگی کے اصل مقصد سے واقفیت کرانا انہیں اسوہ حسنہ پر عمل پیرا رہنے کی ترغیب دینا قاضیان کے اہم مناصب میں سے ہے جسے ہزار بیباغ اور ملک کے مختلف علاقوں میں پھیلے دارالقضاء ادارہ شرعیہ کے قاضیان شرع ومفتیان کرام بخوبی نبھارہے ہیں علامہ بلیاوی نے کہا کہ دارالقضاء اور دیگر شعبہ جات

مجلس شوریٰ ومنتظمہ دارالقضاء ہزار بیباغ کی آن لائن نشست میں لیے گئے کئی اہم فیصلے

جماعت رضائے مصطفےٰ کے زیر اہتمام آن لائن اسلامک کورسز میں حصہ لیں۔سلمان میاں

الحیات نیوز سروس

بریلی شریف: اعلیٰ حضرت کی قائم کردہ تنظیم جماعت رضائے مصطفےٰ کے زیر اہتمام آن لائن اسلامک کورسز کا انعقاد کیا گیا ہے۔اعلیٰ حضرت نے اپنی پوری زندگی علم دین کی خدمت کی اور لوگوں کو علم حاصل کرنے کی تحقیق فرماتے رہے کیونکہ ہر مسلمان مرد اور عورت کو اپنی روزمرہ زندگی میں دینی مسائل کو حل کرنے کے لیے علم دین کا سیکھنا ضروری ہے۔تنظیم جماعت رضائے مصطفےٰ کے قومی نائب صدر جناب سلمان حسن خان (سلمان میاں) نے بتایا کہ جماعت رضائے مصطفےٰ کی جانب سے اور جامعۃ الرضا کے زیر اہتمام آن لائن اسلامک کورسز کی ابتدا کی گئی ہے۔جماعت رضائے مصطفےٰ ایجوکیشنل سینٹر آپ کو اور آپ کے بچوں کو قابل اساتذہ کے ذریعے قرآن شریف تجوید کے ساتھ عربی واردو دیکھنے کا ایک عظیم موقع فراہم کر رہے ہیں،آن لائن کورسز میں رجسٹریشن کرنے کے لئے جماعت رضائے مصطفےٰ کی ویب سائٹ jamatrazaemustafa.org پر جا کر ایز۔رول کر سکتے ہیں۔جماعت رضائے مصطفےٰ ایجوکیشنل سینٹر میں کورسز درج ذیل ہیں۔۱۔۔دینیات ۲۔۔عربی گرامر ۳۔۔حفظ قرآن ۴۔۔قرآت ۵۔۔درس نظامی وغیرہ۔آپ کورس میں دو طرح کی کلاسوں میں داخلہ لے سکتے ہیں،جس میں اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ اکیلے پڑھیں تو آپ انڈیویجول کلاس میں شامل ہو سکتے ہیں،اگر آپ گروپ میں پڑھنا چاہتے ہیں تو آپ گروپ میں شامل ہو سکتے ہیں،کورس کو منتخب کرنے کے بعد آپ کو ہماری طرف سے کال آئے گی جس سے آپ کو کلاس اور ٹیچر کی معلومات حاصل ہو گی۔جماعت رضائے مصطفےٰ کے جنرل سکریٹری جناب فرمان حسن خان (فرمان میاں) نے اپیل کی ہے کہ اس میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیں اور علم دین حاصل کریں۔یہ معلومات جماعت کے رکن محمد عبدالکریم اختر القادری (پونہ) نے دی۔

مدرسہ فریدیہ نظامیہ میں دعائیہ مجلس کا اہتمام

مدھے پورہ/25/جنوری:(الحیات نیوز سروس)انسان کی تخلیق کا مقصد ہی عبادت وبندگی ہے وہ انسان کامیاب ہے جس کی زندگی کا ہر گوشہ اسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق عبادت وریاضت سے عبارت ہو۔یہ باتیں مدرسہ فریدیہ نظامیہ پتیا بوسہ مدھے پورہ بہار کے قائد مولانا محمد تاج الدین نظامی نے حافظ اعجاز احمد فریدی کی زوجہ محترمہ روحی خاتون کی سالارہی کے موقع پر آج مورخہ 25 /جنوری 2022 روز منگل کو منعقدہ مختلف ایصال ثواب میں سامعین سے اپنے خطاب میں کہیں انہوں نے مزید کہا کہ آج ہم سب بس خاتون کا تذکرہ کرنے اور بن کے بلندی درجات کی دعا کرنے حاضر آئے ہیں ویک ڈیو صوم وصلوٰۃ کی پابندی سے وکردار میں ایک اعلیٰ نمونہ چھوڑ گئی ہیں کو کہ انہوں نے بہت کم زندگی پائی لیکن بڑی خوبصورتی کے ساتھ اپنی عمر عزیز گزار کر اور ایک عظیم یادگار چھوڑ کر اولاد خاندان والوں کو بچھڑ کر ہوئے آخرت روانہ ہوگئی ان کا رخصت ہونا نقیناً اہل خانہ کے لئے بڑا صدمہ ہے خدا سے بزرگ وبرتر رب العلمین ہو رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے مرقد کو لالہ وگلزار بنائے اور اس کا کوئی نعم البدل عطا فرمائے۔

مرحومہ آمنہ خاتون کے ایصال ثواب کے لئے دعائیہ مجلس منعقد

مانگو میں جلد مدر آمنہ اسپتال وریسرچ سینٹر کا قیام ہوگا

الحیات نیوز سروس

جمشید پور:مانگو ویلیہ یہ خانقاہ کے نزدیک واقع اے پی سے کلام پبلک اسکول میں مرحومہ آمنہ خاتون کے ایصال ثواب کے لئے دعائیہ مجلس کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا۔اس موقع پر اپنے خطاب میں مدینہ مسجد کے خطیب وامام مفتی عبدالمالک مصباحی نے نبی کریم ﷺ کی زندگی پاک پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم کے لئے اس دنیا کو بنایا۔دنیا میں پچھلی تاریخی سے روشنی ماننے کے لئے آپ ﷺ دنیا میں تشریف لائے۔انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے ہم دنیا وآخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔الحاج ڈاکٹر نور الزماں خان نے اپنے خطاب میں تعلیم کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ آج کے دور میں تعلیم بے حد ضروری ہے۔محمد طاہر حسین نے کہا کہ مرحومہ آمنہ خاتون کی تمنا تھی کہ یہ میدر التعلیم میں آگے آئیں تبھی سماج اور ملک کی ترقی ممکن ہے۔اس موقع پر کافی تعداد میں اساتذہ کرام و معزز لوگوں نے شرکت کی۔

جھارکھنڈ کا اگلا وزیر اعلیٰ کوئی مومن کا بیٹا ہوگا

مسلم سماج میں تعلیمی وسیاسی بیداری ضروری: پرویز اختر

الحیات نیوز سروس

دھنباد/25/جنوری:کانگریس اقلیتی شعبہ کے سابق ترجمان نیز مومن کانفرنس کے سابق جنرل سکریٹری ومگدھ یونیورسٹی کے اسسٹنٹ پروفیسر پرویز اختر نے یوم جمہوریہ کے مبارک موقع پر کہا کہ ریاست جھارکھنڈ میں مسلمانوں واقلیتوں کی تعداد سے اس کا انحراف بے حد کیلئے مومن کو وزیر اعلیٰ بنانا ہی ہوگا۔اس مہم کو تیز کرنے کیلئے انہوں نے آج رانچی کی سرزمین پر مومن کانفرنس کے قومی سکریٹری، کانگریس کے مشہور رہنما، صفیہ انصاری، ریاستی مومن کانفرنس کے ریاستی صدر عماد علی انصاری اور مومن کانفرنس کے جنرل سکریٹری مفتی عبداللہ ازہر قاسمی پٹنوں کے سلمان انصاری سے ملاقات کر کہا کہ مزید اس تحریک کو مضبوط کرنے کیلئے ملازج سے مومن رتھ کے ذریعہ پوری ریاست میں مہم چلائی جائے گی۔جس سے مسلم سماج میں تعلیمی وسیاسی شعور پیدا ہوسکے۔اقلیتوں کی سے جو تاریخی کام ہو رہا ہے وہ آب زر سے لکھے جانے کے قابل ہے،اداد اس مہم سے کہ پورے جھارکھنڈ میں تعلیمی انقلاب آجائے اور ہر شخص اپنے حقوق وذمہ داری کے تئیں حساس رہے انہیں وسیع تر مقاصد کے پیش نظر جھارکھنڈ کے 20/ اضلاع پر مشتمل 42 مقامات میں ادارہ شرعیہ" منعقد تھا جو فی الحال بڑھتے کرونا،سرکاری گائڈ کے درمیان کوئلتوں میں آنے والے لوگوں کا اژدحام اور کسی ممکنہ خطرے سے معاشرہ کو محفوظ رکھنے کی خاطر معتوی کرنا پڑا ہے جانہم علماء، خطباء، ائمہ مساجد، عمائدین، ذمہ داران اور عوام الناس کی سائنوٹش کی تیاریوں میں مصروف رہیں چونکہ جیسے ہی حالات سازگار ہوجائنگے تو پھر مکمل سٹوٹش ادارہ شرعیہ کی ہی تارکھوں کا لاتان کیا جائیگا،علامہ بلیاوی نے مکاتب کا قیام، یونیورسٹی قائم کرنے، کوچنگ سنٹر بنانے، ہی نسلوں کے روشن مستقبل کے لائحہ عمل تیار کرنے، باہمی اختلاف کو دور کرنے، اتحاد واتفاق کو مستحکم کرنے، زبان اردو کو فروغ دینے، مدارس ومساجد کے تحفظ اور ملی مسائل پر سیر حاصل بیان فرمایا جسے سامعین نے بغور سماعت کیا اور انہیں خطوط پر عمل کرنے کا عہد کیا، اخیر میں 22 فروری 2022 کو ہزار بیباغ دارالقضاء کے یوم تاسیس کے موقع پر کرحالات بہتر رہے تو خصوصی اجلاس طلب کرنے کا فیصلہ لیا گیا اور بوقت ضرورت بری، نوادہ، پٹنہ گاؤں اور دیگر جگہوں میں دارالقضاء ہزار بیباغ کی عدالت لگانے پر اتفاق ہوا۔کلمہ کا اختتام مولانا مفتی نظیف اللہ کی دعاؤں پر ہوا۔

ٹاٹا موٹرز ہسپتال کو رونا کے خلاف کئی اقدامات کیے

الحیات نیوز سروس

جمشید پور/25/جنوری:ٹاٹا موٹرز نے CoVID-19 سے لڑنے کے لیے اپنے آپریشن والے علاقوں میں اور اس کے آس پاس کی مقامی میونسپلٹیز کے ساتھ اپنی وابستگی کو مضبوط کیا ہے۔وبائی مرض کے آغاز سے لے کر اب تک سب سے آگے رہتے ہوئے،جمشید پور کے ٹاٹا موٹرز ہسپتال نے COVID-19 Omicron قسم سے پیدا ہونے والی کسی بھی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنی تیاری کو بڑھانے کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں۔اپنی ہسپتال کی ٹیم، انتظامیہ، اور جمشید پور پلانٹ کے OHC (اوکیوپیشنل ہیلتھ سنٹر) اور جمشید پور کے رہائشیوں کے ساتھ مل کر چلنی وبائی مرض کا جواب دینے کے ساتھ ساتھ احتیاطی اقدامات کرنے کے لیے تیار ہے۔چلنی COVID-19 کے علاج کے لیے وقف کمرے،تنہائی کی سہولیات،شہر بھر میں ویکسینیشن ڈرائیو بنانے میں اور دیگر چیزوں کے ساتھ ساتھ اپنے ہسپتال میں آگاہی پروگرام منعقد کر رہے ہیں۔شہر کی مہم میں ان کی ویکسینیشن مہم کے حصے کے طور پر 2.41 لاکھ سے زیادہ ویکسین کی خوراکیں دی گئی ہیں۔

پولیس اپدیشک کا کاریالیہ، گومالہ۔
(آوشیہ سوچنا)

آمسنجنوں کو سوچت کیا جاتا ہے کہ کرنج تھانانتر گت پھاڑ بگرنو گاؤں کے ساتھ 31.12.21 کو ایک اگیات وِدھ مہلا نِجا کریم 60 ورش، گیہاری کریم 5 فٹ 2 اِنچ، بال چھوٹا پکھا ہوا کا ہوا برامد ہوا ہے۔ ہوا کے بارے میں آس۔پاس کے مُکھیا اور جاگرت نِواسی اِس مہلا کی پہچان نہیں کر پائے ہیں۔ اگر آپ کو اِس مہلا کی پہچان ہو تو آپ گروپ میں شامل ہو سکتے ہیں، کورس کو منتخب کرنے کے بعد آپ کو ہماری طرف سے کال آئے گی جس سے آپ کو کلاس اور ٹیچر کی معلومات حاصل ہو گی۔ جماعت رضائے مصطفےٰ کے جنرل سکریٹری جناب فرمان حسن خان (فرمان میاں) نے اپیل کی ہے کہ اس میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیں اور علم دین حاصل کریں۔ یہ معلومات جماعت کے رکن محمد عبدالکریم اختر القادری (پونہ) نے دی۔

پولیس اپدیشک کا کاریالیہ، گومالہ۔
(آوشیہ سوچنا)

آمسنجنوں کو سوچت کیا جاتا ہے کہ کرنج تھانانتر گت پھاڑ بگرنو گاؤں کے ساتھ 31.12.21 کو ایک اگیات وِدھ مہلا نِجا کریم 60 ورش، گیہاری کریم 5 فٹ 2 اِنچ، بال چھوٹا پکھا ہوا کا ہوا برامد ہوا ہے۔ ہوا کے بارے میں آس۔پاس کے مُکھیا اور جاگرت نِواسی اِس مہلا کی پہچان نہیں کر پائے ہیں۔ اگر آپ کو اِس مہلا کی پہچان ہو تو آپ گروپ میں شامل ہو سکتے ہیں، کورس کو منتخب کرنے کے بعد آپ کو ہماری طرف سے کال آئے گی جس سے آپ کو کلاس اور ٹیچر کی معلومات حاصل ہو گی۔ جماعت رضائے مصطفےٰ کے جنرل سکریٹری جناب فرمان حسن خان (فرمان میاں) نے اپیل کی ہے کہ اس میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیں اور علم دین حاصل کریں۔ یہ معلومات جماعت کے رکن محمد عبدالکریم اختر القادری (پونہ) نے دی۔

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education, Government of India
Farogh-e-Urdu Bhawan, FC-33/9, Institutional Area, Jasola, New Delhi-110025
Ph: 011-49539000, Fax: 011-49539099, Website: www.urducouncil.nic.in, E-mail: director@ncpul.in
سوچ بچار
ایک قلم دوسمفاتی کی جانب

26 جنوری یومِ جمہوریہ مبارک

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، حکومت ہند کی سرگرمیاں

- 18 تا 26 دسمبر 2021 کے درمیان 24 ویں قومی اردو کتاب میلے کا انعقاد، مارکیٹ مرس کیا گیا۔ جنی نسل اور اردو اس کتاب میلے کا تھیم تھا۔ اب تک کتاب سے بزار اردو کتاب میلہ راجس میں تقریباً 1.25 کروڑ روپے کی کتابیں فروخت ہوئیں۔
- قومی اردو کونسل نے "قومی تعلیمی پالیسی اور اردو تعلیم" کے موضوع پر 9 اگست، 2021 کو آن لائن مذاکرہ کا انعقاد کیا۔
- قومی اردو کونسل نے "اردو مرثیے کی ادبی وثقافتی روایت" کے موضوع پر 2 ستمبر، 2021 کو آن لائن مذاکرہ کا انعقاد کیا۔
- قومی اردو کونسل نے "اردو قصاد کی ادبی وثقافتی روایت" کے موضوع پر 15 ستمبر، 2021 کو آن لائن مذاکرہ کا انعقاد کیا۔
- قومی اردو کونسل نے "بابائے قوم موہن داس کرم چند گاندھی کی نظر میں ہندوستان کا تصور" کے موضوع پر 30 ستمبر 2021 کو آن لائن لیکچر کا انعقاد کیا۔
- قومی اردو کونسل نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے اشتراک سے مدارس کے اساتذہ کا چھ روزہ آن لائن اور میٹیشن پروگرام 4-11 اکتوبر 2021 کو حیدرآباد میں منعقد کیا۔
- قومی اردو کونسل نے "آج کے ہندوستان کے لیے مولانا ابوالکلام آزاد کی وراثت" کے موضوع پر 11 نومبر، 2021 کو آن لائن لیکچر کا انعقاد کیا گیا۔
- قومی اردو کونسل نے شعبۂ اردو جموں یونیورسٹی کے اشتراک سے صوبہ جموں کے اردو سحافیوں اور صحافت کے طالب علموں کی صلاحیت سازی کے لیے پانچ روزہ ورکشاپ 26-30 نومبر، 2021 کو جموں میں منعقد کیا۔
- قومی اردو کونسل کا آدھے گھنٹے کا ہفتہ وار ٹیلی ویژن پروگرام 'اردو دنیا' ہر سنیچر کو رات 8:00 بجے اور ہر اتوار کو 10:30 بجے نیٹ 18 پر ٹیلی کاسٹ ہوتا ہے۔ اس پروگرام میں اردو زبان وادب، تہذیب وثقافت کی نمائندگی کرنے والی تقریبات کی جھلکیاں، قومی کونسل کی خبریں اور وزارت تعلیم کی اقلیتوں سے متعلق تعلیمی اسکیموں وغیرہ کی معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔
- قومی اردو کونسل ان اردو اخبارات کی جانب سے یو این آئی کو مالی معاونت فراہم کرتی ہے جو یو این آئی اردو سروس کو بھیکر اب کرتے ہیں۔ یکم اپریل 2021 تا 31 دسمبر 2021 کے دوران 347 اخبارات کی جانب سے یو این آئی اردو سروس کو -/1,64,57,500 روپے کی مالی معاونت فراہم کی گئی۔
- قومی اردو کونسل کی اسکیم "تحفۂ خریداری کتب، رسائل و جرائد" کے تحت مالی سال 2021-22 میں تقریباً ایک کروڑ 9 لاکھ روپے کی اردو، عربی اور فارسی کتب و جرائد کی خریداری عمل میں آئی جن میں 294/ اردو کتابوں کے ساتھ 17 عربی وفارسی کتابیں اور 83 رسائل وجرائد شامل ہیں۔
- "مالی تعاون اسکیم برائے اشاعت مسودات" کے تحت مالی سال 2021-22 میں 335 مصنفین کو تقریباً ایک کروڑ 23 لاکھ روپے کی مالی امداد فراہم کی گئی۔
- "مالی تعاون اسکیم برائے سیمینار، کانفرنس اور ورکشاپ" کے تحت کونسل نے مالی سال 2021-22 میں 268 رضا کار تنظیموں/ اداروں کو تقریباً ایک کروڑ 84 لاکھ روپے کی مالی معاونت کی۔
